## In dieser Ausgabe >>>

- *Die Wichtigkeit des Waqf-e-Jadid*
- *Kurz über Weihnachten*
- *Diverse Tarbiyyat Berichte*




www.lajna.ch

**DEZEMBER 2023 ¦ AUSGABE 15**

# Newsletter



## Das finanzielle Jahr von Waqf-e-Jadid geht am 31. Dezember 2023 zu Ende!

*Allah sieht eure Spenden mit liebevollen Blicken und schätz eure Opferbereitschaft. Allah schenkt euch nicht lediglich ein Vielfaches eurer Spenden zurück, sondern vergibt wegen dieser Opferbereitschaft eure Sünden und ermöglicht euch weitere fromme Taten.*




# Sinn und Zweck

### Durch Unwissenheit entsteht Blindheit und diese führt zur Verirrung und Sünde.


Der Zweck der Ankunft des Verheißenen Messias (as) war die vollkommene Lehre Gottes auf der Welt zu etablieren und Muslime, die mit der Zeit Schändlichkeiten und unislamischen Gebräuchen verfallen waren, zu reformieren. Er äußerte am 26. Mai 1892 den Wunsch, die Lehre des Islam auf der ganzen Welt zu verbreiten und erwähnte gleichzeitig, dass sich dies nicht zu seinen Lebzeiten erfüllen wird.

65 Jahre nach dieser Begebenheit rief der zweite Khalif, Hadhrat Mirza Bashir Uddin (ra), am 9. Juli 1957 das Waqf-e-Jadid ins Leben. Der zweite Khalif (ra) äußerte in seiner Ansprache, dass die Jamaat vorbildliche Jugendliche benötigt wie beispielsweise Hadhrat Ismail (as), der bereit war, sein Leben für das Wohlgefallen Gottes zu opfern. Der Grund für diesen Aufruf war, dass die Spiritualität auf dem indischen Subkontinent verloren gegangen war und Menschen kaum islamisches Wissen aufwiesen. Beispielsweise gab es Orte und Gemeinden, in denen niemand das Gebet hätte leiten können. Ebenfalls war es notwendig, den Konvertiten die islamische Lehre näher zu bringen und unislamische Traditionen aufzubrechen.

Das Waqf-e-Jadid diente in erster Linie der Ausbildung von Mualimin (Gelehrten) und deren Unterhalt. Viele Ahmadi-Mitglieder widmeten ihr Leben der Jamaat und traten in die segensreiche Institution des Waqf-e-Jadid ein. Das Waqf-e-Jadid war die letzte Institution, die der zweite Khalif ins Leben rief. Zum Zeitpunkt der Etablierung war der zweite Khalif (ra) aufgrund eines Attentats geschwächt. Aber er war fest von diesem Tehrik (der Institution) überzeugt. Er versicherte, dass Gott in ihm den Wunsch nach dieser Institution geweckt hat und Gott ihm dabei helfen wird, das Vorgehen erfolgreich zu vollziehen.

Waqf-e-Jadid >>>

# Ziele und Aufgaben




Der zweite Khalif der AMJ (rs) gründete 1957 Waqf-e-Jadid. Das Ziel dieses Projekts ist es eine Erziehung und Bildung jener Jamaats zu ermöglichen, die abgelegen sind und auch die Botschaft des Islam an jenen Orten zu überbringen. Zunächst galt dieser Plan nur für Pakistan, aber der vierte Khalif (rh) erweiterte die Gültigkeit dieses Projekts auf die ganze Welt.

Über das Waqf-e-Jadid sagte der zweite Khalif (rs):
„Dies ist das Unterfangen Allahs und er selbst wird es vollenden. Denn es ist Allah der Allmächtige, der diesen Gedanken in meinem Herzen aufkommen ließ. Ich werde bestrebt sein dies zu erfüllen, selbst wenn ich mein Haus und meine Kleider verkaufen muss, selbst wenn keine einzige Person mich unterstützt. Allah wird jene von der Jamaat losschneiden, die mir hierbei nicht helfen und Er wird Engel vom Himmel herab senden, um mir zu helfen.“ (Freitagsansprache vom 05.01.1958)

Die Verbreitung des Glaubens, die Ausbildung und Entsendung der Imame, der Druck von Literatur, die Verbreitung des Heiligen Korans, der Bau von Moscheen und Gemeindezentren, der Bau von Schulen, die Eröffnung von Radiosendern in verschiedenen Ländern und die Verbreitung des Islam, der Bau von Krankenhäusern und der Dienst für die Menschheit - dies und viele andere Tätigkeiten erfüllen die Rechte Allahs und die Rechte der Mitmenschen.



## Heilige Qur’an

***Der Heilige Qur’an erwähnt die wundersame Geburt Jesu$^{AS}$ und erklärt, dass Maria, die Mutter Jesu$^{AS}$, gemäß göttlichem Gebot unter einer reifen Dattelpalme Schutz suchte. Dies deutet darauf hin, dass es zum Zeitpunkt der Geburt Sommer war und nicht Winter bzw. Dezember, wie allgemein angenommen.***

Weihnachten >>>

# Warum feiern Muslime kein Weihnachten?

Wie wir sicherlich wissen, feiern unsere christlichen Freundinnen diesen Monat Weihnachten. Bestimmt kommt die Frage hoch, wieso wir Muslime dieses Fest nicht feiern. Um diese Frage zu klären, ist es vorab wichtig zu wissen, was Weihnachten überhaupt ist. Im vierten Jahrhundert n. Chr. verkündete die Kirche, es habe sich herausgestellt, dass das Geburtsdatum von Hadhrat Isa$^{AS}$ der 25. Dezember sei; an Weihnachten feiern die Christen also den Geburtstag von Hadhrat Isa$^{AS}$. Dieses Datum lässt sich jedoch weder biblisch noch historisch bestätigen. Nichtdestotrotz wurde dieses Datum offiziell gemacht. Ein Erklärungsansatz hierfür ist, dass die Römer Ende Dezember ein Fest zur Verehrung der Sonne gefeiert haben und historische Belege deuten darauf hin, dass die Kirche den Geburtstag von Hadhrat Isa$^{AS}$ einfach angepasst hat, sodass beide, die Heiden und Christen am selben Tag feiern konnten.

Der Heilige Qur´an beweist jedoch, dass Hadhrat Isa$^{AS}$ gar nicht im Dezember geboren ist:
**„Da rief es ihr von unten her zu: „Betrübe dich nicht. Dein Herr hat unter dir ein Bächlein fließen lassen; schüttle nur den Stamm der Palme gegen dich, sie wird frische reife Datteln auf dich fallen lassen.“** (Der Heilige Qur’an [19:25-26])

## Dies lässt sich auch durch die Bibel beweisen:




*„Und es waren Hirten in derselben Gegend auf dem Felde beiden Hürden, die hüteten des Nachts ihre Herde. [...] Und der Engel sprach zu ihnen: Fürchtet euch nicht! siehe, ich verkündige euch große Freude [...] denn euch ist heute der Heiland geboren[...] in der Stadt Davids.“ (Lukas, 2:8, 11, 10)*

*In diesem Vers aus der Bibel ist die Rede davon, dass zum Zeitpunkt der Geburt die Hirten ihre Schafe gehütet haben. Auch das ist nur in der Sommerzeit möglich, weil es im Winter für die Schafe zu kalt ist und sie deshalb im Stall bleiben.*

# کرسمس کی تاریخ اور پس منظر

کرسمس دنیا بھر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے یومِ پیدائش کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس روز گرجاگھروں میں خصوصی عبادت ہوتی ہے، گھروں سڑکوں اور تمام عمارات کو کئی روز پہلے خوبصورت رنگ برنگے قمقموں اور دیگر اشیاء سے سجایا جاتا ہے۔ جگہ جگہ کرسمس ٹری، جو کہ سدا بہار درخت کے نام سے جانا جاتا ہے، لگا کر سجایا جاتا ہے۔ یہ درخت ایک مثلث کی طرح نیچے سے چوڑا ہوتا ہے اور اوپر تک ایک باریک نوک کی شکل میں آسمان کی طرف اُٹھتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ اس کے ذریعہ یہ سبق دیا جاتا ہے کہ اس درخت کی طرح مسیح بھی سدا بہار اور ہمیشہ زندہ ہے اس موقع پر گھروں میں تقریبات ہوتی ہیں اور افرادِ خاندان اور دوست احباب مل کر دعوتیں اُڑاتے ہیں۔ کیتھولک انسائیکلوپیڈیا new advent کے مطابق بائیبل سے 25 دسمبر کے روز مسیح کی پیدائش کا کوئی ثبوت نہیں ملتا کیونکہ اول تو اتنی سردی میں مردم شماری نہیں ہو سکتی تھی دوسرے چرواہوں کا کھلے میدان میں بھیڑ بکریاں چرانا بھی عقل کے خلاف ہے۔ مزید لکھا ہے کہ دوڈھائی سو سال تک چرچ کے بڑے بڑے فادرز اپنی سالگرہ منانا بھی پسند نہیں کرتے تھے بلکہ اس پر سخت تنقید بھی کرتے تھے کہ ولیوں اور شہداء کی سالگرہ یا یوم شہادت منایا جائے چہ جائیکہ وہ مسیح کی پیدائش کا دن مناتے۔ چرچ کی تاریخ میں یہ سب باتیں محفوظ ہیں۔ اس انسائیکلوپیڈیا میں اعتراف کیا گیا ہے کہ مسیح کی پیدائش کے سال مہینہ اور دن کے متعلق بہت سی مختلف اور متضاد آراء ملتی ہیں جنہیں کسی طور بھی سلجھایا نہیں جا سکتا۔

کرسمس کے بارے میں سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ سورہ مریم کی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں:

”اس مقام پر ایک بہت بڑی مشکل پیش آجاتی ہے جس کو حل کرنا ہمارے لئے نہایت ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ عیسائی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ حضرت مسیحؑ کی پیدائش 25 دِسمبر کو ہوئی اور لوقا کہتا ہے کہ قیصر اگسطِس نے اُس وقت مردم شماری کا حکم دیا تھا جس کے لئے یوسف اور مریم ناصرہ سے بیت لحم گئے اور وہیں حضرت مسیحؑ کی پیدائش ہوئی۔ گویا 25 دسمبر کو۔ اُس زمانہ میں جب قیصر اگسطِس کے حکم کے ماتحت یہود کی پہلی مردم شمار ہوئی مسیحؑ بیت لحم میں پیدا ہوئے۔ قرآن بتاتا ہے کہ مسیح اس موسم میں پیدا ہوئے جس میں کھجور پھل دیتی ہے اور کھجور کے زیادہ پھل دینے کا زمانہ دسمبر نہیں ہوتا بلکہ جولائی اگست ہوتا ہے اور پھر جب ہم یہ دیکھیں کہ خدا تعالیٰ نے انہیں ایک چشمے کا بھی پتہ بتایا جہاں وہ اپنے بچے کو نہلا سکتی تھیں اور اپنی صفائی کر سکتی تھیں تو اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ جولائی اگست کا مہینہ تھا ورنہ سخت سردی کے موسم میں چشمہ کے پانی سے نہانا اور بچے کو بھی غسل دینا خصوصاً ایک پہاڑ پر اور عرب کے شمال میں عقل کے بالکل خلاف تھا۔“

کرسمس۔ مذہبی تہوار یا ایک تفریحی میلہ Daily Alfazl Online -

# ...مالی قربانی اور وقف جدید

مہدی آخر الزمان حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

”یہ ظاہر ہے کہ تم دو چیزوں سے محبت نہیں کر سکتے اور تمہارے لئے ممکن نہیں کہ مال سے بھی محبت کرو اور خدا سے بھی، صرف ایک سے ہی محبت کر سکتے ہو۔ پس خوش قسمت وہ شخص ہے کہ خدا سے محبت کرے اور اگر تم میں سے کوئی خدا سے محبت کر کے اس کی راہ میں مال خرچ کریگا تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اس کے مال میں بھی دوسروں کی نسبت زیادہ برکت دی جائے گی۔ کیونکہ مال خود بخود نہیں آتا بلکہ خدا کے ارادے سے آتا ہے۔“ (مجموعہ اشتہارات جلد 3 صفحہ 497)

بانی وقف جدید حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ اس بابرکت تحریک کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

”یہ کام خدا تعالیٰ کا ہے اور ضرور پورا ہو کر رہے گا۔ میرے دل میں چونکہ خدا تعالیٰ نے یہ تحریک ڈالی ہے اس لئے خواہ مجھے اپنے مکان بیچنے پڑیں کپڑے بیچنے پڑیں میں اس فرض کو تب بھی پورا کروں گا۔ اگر جماعت کا ایک فرد بھی میرا ساتھ نہ دے تو خدا تعالیٰ ان لوگوں کو الگ کر دے گا جو میرا ساتھ نہیں دے رہے اور میری مدد کے لئے فرشتے آسمان سے اتارے گا۔ پس میں اِتمام حجت کے لئے ایک بار پھر اعلان کرتا ہوں تا کہ مالی امداد کی طرف بھی لوگوں کو توجہ ہو اور وقف کی طرف بھی لوگوں کو توجہ ہو۔“

(بحوالہ مجموعہ خطبات وقف جدید صفحہ ۶)

تحریک وقف جدید حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی بابرکت تحریکات میں سے ایک بہت اہم اور مبارک تحریک ہے جو 1957ء میں القاء الٰہی کے تحت آپ نے جاری فرمائی۔ اس عظیم تحریک کے مقاصد عالیہ میں سے ایک بڑا مقصد دیہاتی سطح پر احباب جماعت کی تعلیم و تربیت تھا۔ جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ وقف جدید کے مقاصد بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”یہ تحریک بنیادی طور پر دو اغراض سے جاری کی گئی۔ پہلی غرض تو یہ تھی کہ پاکستان کے دیہاتی علاقوں میں چونکہ یہ ممکن نہیں تھا کہ ہر جگہ ایک مربی کو تعینات کیا جائے۔ اس لئے خصوصاً نئی نسل میں تربیت کی کمزوری کے آثار ظاہر ہونے شروع ہو گئے نہ صرف نئی نسلوں میں بلکہ تقسیم ہند کے بعد نوجوان بھی کئی قسم کی معاشرتی خرابیوں کا شکار ہوئے اور بنیادی طور پر دین کے مبادیات سے بھی بعض صورتوں میں وہ غافل ہو گئے۔ چنانچہ حضرت فضل عمر نے بشدت یہ محسوس کیا کہ جب تک کوئی ایسی تحریک نہ جاری کی جائے جس کا تعلق خالصتاً دیہاتی تربیت سے ہو اس وقت تک دیہاتی علاقوں میں احمدیت کے مستقبل کے متعلق ہم بے فکر نہیں ہو سکتے چنانچہ حضور نے جب اس تحریک کا آغاز فرمایا تو اولین ممبران وقف جدید میں خاکسار کو بھی مقرر فرمایا۔ اور ابتدائی نصیحتیں جو مجھے کیں ان میں ایک تو دیہاتی تربیت کی طرف۔ توجہ دینے کے متعلق ہدایت تھی۔ اور دوسرے ہندوؤں میں دعوت الی اللہ کی خاص طور پر تاکید کی گئی تھی۔ (الفضل۔ خطبہ جمعہ ۲۷ دسمبر ۱۹۸۵ء)

## رپورٹ ریجنل تربیتی کلاسز ناصرات الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ

اکتوبر، نومبر اور دسمبر کے مہینوں میں جماعت سوئٹزرلینڈ کے تینوں ریجنز میں تربیتی کلاسز کا انعقاد کیا گیا۔

تربیتی کلاسز کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ پھر حدیث پڑھی گئی۔ اس کے بعد ناصرات نے مل کر عہد دہرایا۔

سب ریجن کی کلاسز کے موضوعات کو چار تربیتی امور پہ ترتیب دیا گیا تھا۔

### نماز

نماز کی ادائیگی، نماز کا تعارف، مختلف حرکات، نماز کی اقسام، ضروری شرائط، ذکر الٰہی، بیماری کی حالت میں نماز کی ادائیگی کا طریق، باجماعت نماز، تسبیحات، نماز کی ادائیگی کے مکروہ اوقات، نماز کے لیے مناسب جگہ کا انتخاب، وغیرہ جیسے مضمون شامل تھے۔

نماز کو باقاعدگی سے ادا کرنے کے لیے بچیوں کو نماز کی فرضیت اور اہمیت کے ساتھ ساتھ نماز پڑھنے کے فوائد اور نہ پڑھنے کے نقصان کے بارے میں قرآنی تعلیمات، احادیث اور خلفاء کے ارشادات کے مطابق سمجھائی گئی۔

سورت بنی اسرائیل کی آیت 79 اور وضاحت کے لیے تفسیر کبیر، جلد 4 صفحہ 373 کے حوالہ جات پیش کیے گئے۔

## ایم۔ٹی۔اے

خلیفہ وقت کے ساتھ اپنے ذاتی تعلقات کو مضبوط کرنے اور اپنے دینی علم میں اضافہ کے لیے ایم۔ٹی۔اے کے مختلف پروگراموں کا تعارف کروایا گیا۔ کہ ہر عمر کی بچیوں کی دلچسپی کے مطابق ایم ٹی اے پہ پروگرام پیش کیے جاتے ہیں۔

## مالی قربانی

مالی قربانی کی اہمیت قرآنی آیات، احادیث اور خلفاء کے بیان فرمودہ ارشادات کی روشنی میں بتائی گئی۔

جماعتی چندہ جات، تحریکات اور مختلف فنڈز کے بارے میں معلومات دی گئیں۔

اور بچیوں کو اپنے جیب خرچ سے چندہ دینے کی اہمیت، برکات اور فوائد بتائے گئے۔

## پانچ بنیادی اخلاق

بنیادی اخلاق بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ شامل کیے گئے تھے۔

اپنی روزمرہ زندگی میں ہم اس پہ کیسے عمل کر سکتے ہیں؟

بچیوں کو واقعات سنا کر دلچسپی دلائی گئی۔ اور اس پہ عمل کرنے کی طرف توجہ دلائی گئی۔

## ورکشاپ

پریزینٹیشن کے بعد بچیوں کے گروپ بنائے گئے۔ اور تمام موضوعات کے مطابق جو معلومات قرآنی آیات، احادیث اور خلفائے احمدیت کے اقتباسات پلاکاٹ اور ویڈیو کلپس کے ذریعے دی گئی تھیں بچیوں نے پوسٹر وغیرہ بنائے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے کلاسز بہت کامیاب رہیں بچیاں بہت زیادہ خوش تھیں۔ آخر میں سب بچیوں میں چاکلیٹ تقسیم کی گئی۔

(شعبہ ناصرات الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ)

# رپورٹ ہفتہ تربیت 25 تا 28 دسمبر 2023

الحمدللہ! اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم سے شعبہ تربیت لجنہ اماءاللہ سوئٹزرلینڈ نے اس سال پہلی دفعہ نیشنل سطح پر 25 تا 28 دسمبر تک ہفتہ تربیت منانے کی کاوش کی۔ روزانہ چار گھنٹے کا پروگرام ہوا جس میں مختلف موضوعات پر پریزنٹیشن اور بات چیت ہوئی۔ اس کے علاوہ مربیان سلسلہ کے ساتھ سوال و جواب کی نشست کا انتظام کیا گیا۔

موضوعات کی تفصیل درج ذیل ہے:

- اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے ذرائع
- LGBTQ اور حضرت لوطؑ کی کہانی
- بدعات اور شادی کے موقع پر بدرسومات
- مغرب میں اسلامی اقدار کی حفاظت

اس پروگرام میں اوسط حاضری 37 رہی جس میں لجنہ، ناصرات اور نونہال شامل تھے۔ تمام ریجن کی طرف سے نمائندگی ہوئی۔ الحمدللہ۔ لوگوں نے اس پروگرام سے بھرپور استفادہ حاصل کیا اور خواہش ظاہر کی کہ اس کوشش کو جاری رکھا جائے اور ہر سال اس پروگرام کا انعقاد کیا جائے۔

(شعبہ تربیت لجنہ اماءاللہ سوئٹزرلینڈ)